# ویکسینز سنگین بیماری کے خلاف ہمارا بہترین دفاع ہیں۔



1994 سے، بچوں کی معمول کی ویکسینز نے امریکہ میں **508 ملین بیماریوں، 32 ملین ہسپتال کے داخلوں، اور 1 ملین اموات** سے زیادہ کی روک تھام کی ہے۔

# کیا آپ جانتے ہیں؟

- معمول کی ویکسینیشن بچوں کو 2 سال کا ہونے تک **15 سنگین بیماریوں** سے محفوظ رکھتی ہے۔
- ہر ویکسین کے لیے تجویز کردہ عمر، خوراکوں اور اوقات کا تعین **برسوں کی تحقیق** پر مبنی ہے۔
- چھوٹے بچے خاص طور پر بیماری کے خطرے سے دوچار ہوتے ہیں، **یہاں تک کہ اگر وہ صحت مند بھی ہوں**۔ معمول کی ویکسینیشن اس وقت تحفظ فراہم کرتی ہے جب انہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔
- زیادہ تر ضمنی اثرات، جیسے بازو میں درد، ہلکا بخار، اور چڑچڑاپن، عارضی ہوتے ہیں اور ان کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ **ویکسین کام کر رہی ہے**۔
- نیویارک شہر میں ویکسینز خاص طور پر اہم ہیں، جہاں **8 ملین سے زائد افراد** ایک دوسرے کے بہت قریب رہتے ہیں اور ہر سال لاکھوں مزید افراد یہاں کا رخ کرتے ہیں۔
- نیویارک شہر میں زیادہ تر بچے **مفت** ویکسین لگوا سکتے ہیں۔

**ویکسینز کے بارے میں سوالات کا ہونا قابلِ فہم ہے۔**

اپنے مطلوبہ جوابات حاصل کرنے کے لیے اپنے بچے کے ڈاکٹر سے بات کریں۔

## سوالات پوچھیں
## جوابات حاصل کریں
## ویکسین لگوائیں

مزید معلومات اور دیگر قابل اعتماد وسائل کے لیے **nyc.gov/AskQuestions** ملاحظہ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں۔

NYC Health

Zohran Kwame Mamdani
Mayor

Alister Martin, MD, MPP
Commissioner

Urdu